سوال

(616) اپنی جائداد وقف علی الاولاد کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص بہت مالدار اور جائداد والا ہے۔ اور اس کی اولاد نہایت خراب یعنی بچے بدکار ہیں۔ اب وہ شخص اپنی جائداد وقف علی الاولاد کرنا چاہتا ہے۔ اس خوف سے کہ جائداد مذکورہ میری اولاد تقسیم نہ کرے۔ (خلیل الرحمن بنگالی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وقف علی الاولاد کرسکتا ہے۔ ہر وارث کےلئے منافع میں اس کے حصے کے مطابق حصہ رکھے۔ مگر سرکاری قانون میں یہ وقف نافذ نہ ہوگا۔ مسلمانوں نے سرکار کو اس کے متعلق توجہ دلائی ہے۔ امید ہے منظور ہوجائے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 569

محدث فتویٰ